www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | منگل 17 مارچ 2026ء بمطابق 27 رمضان 1447ھ | شمارہ 233 | قیمت 10 روپے

رحیم یار خان: BISP رقم کی تقسیم کے دوران چھت گر گئی، 8 خواتین جاں بحق

واقعہ اس وقت پیش آیا جب خواتین بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت امدادی رقوم لینے کیلئے ریٹیلر شاپ کی چھت پر موجود تھیں

ریسکیو 1122، ایدھی اور دیگر امدادی اداروں کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا، ہسپتال میں ایمرجنسی بھی نافذ کر دی گئی

قسط وصول کرنے کے لیے 200 سے زائد خواتین چھت پر موجود تھیں جو کمزور ہونے کی وجہ سے گر گئی، کمشنر بہاولپور کی زخمی خواتین کی عیادت

رحیم یار خان (مانیٹرنگ ڈیسک) صوبہ پنجاب کے شہر رحیم یار خان میں عمارت کی چھت گرنے سے 8 خواتین جاں بحق جبکہ 76 زخمی ہو گئی ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق رحیم یار خان کے چک 125 پی میں یہ واقعہ جو کہ اس وقت پیش آیا جب کی خواتین بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت امدادی رقوم لینے کے لیے ایک ریٹیلر شاپ کی چھت موجود تھیں۔ ریسکیو 1122، ایدھی اور دیگر امدادی اداروں کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت قسط وصول کرنے کے لیے 200 سے زائد خواتین چھت پر موجود تھیں جو کمزور ہونے کی وجہ سے گر گئی۔ زخمی خواتین کو شاہ زیب ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

وزیر اعظم: معاشی استحکام اور عوام کیلئے ریلیف حکومت کی اولین ترجیح ہے

حالیہ عالمی صورتحال کے پیش نظر عوام کو ریلیف دینے کے حوالے سے مزید اقدامات پر بھی مشاورت جاری ہے، حکومت کے بروقت فیصلوں کی بدولت اس وقت ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی مناسب مقدار موجود ہے

بدلتی ہوئی عالمی صورتحال کے پیش نظر ملک میں معاشی استحکام قائم کرنے کے لیے بروقت بنائی گئی کمیٹی کے فیصلوں کی بدولت عوام کے لیے تیل کی مسلسل فراہمی ممکن ہوئی، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان عالمی سطح پر جاری کشیدگی کے پیش نظر کسی بھی قسم کی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف زیر صدارت عالمی سطح پر کشیدگی کے پیش نظر ملکی معیشت کے استحکام اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے اقدامات کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ حالیہ عالمی صورتحال کے پیش نظر عوام کو ریلیف دینے کے لیے مزید اقدامات پر بھی مشاورت جاری ہے، حکومت کے بروقت فیصلوں کی بدولت اس وقت ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی مناسب مقدار موجود ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پائی جانی ہوئی عالمی صورتحال کے پیش نظر ملک میں معاشی استحکام قائم کرنے کے لیے بروقت بنائی گئی کمیٹی کے فیصلوں کی بدولت عوام کے لیے تیل کی مسلسل فراہمی ممکن ہوئی، قومی سطح پر کفایت شعاری اور پہت کے لیے اقدامات کا نفاذ ہو چکا ہے اور مزید پر کام جاری ہے۔ وزیر اعظم کی جانب سے کفایت شعاری اور اخراجات کے لیے اقدامات پہت کے تمام نافذ اُصول اقدامات پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے تحریری ہدایات آڈٹ کی ہدایت پہلے بھی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

ایران نے جنگ بندی کی کوئی درخواست نہیں کی، عباس عراقچی

آبنائے ہرمز دشمنوں کیلئے بند رہے گی، امریکا کو کوئی پیغام یا مذاکرات کی بات نہیں کی

جب تک ٹرمپ جنگ کو غیر قانونی نہیں مان لیتے ہم ڈٹے رہیں گے، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے بیان میں کہا کہ ایران نے جنگ بندی کی کوئی درخواست نہیں کی، امریکا کو کوئی پیغام یا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی سرکاری ملازمین کو عید سے پہلے تنخواہ کی ادائیگی کا فیصلہ کر لیا گیا

وفاقی سرکاری ملازمین کو عید الفطر 2026 کی چھٹیوں سے پہلے تنخواہ کی ادائیگی کر دی جائے گی

وفاقی سرکاری محکموں کو ہدایات موصول، تنخواہ عید سے پہلے ادا کرنے پر کارروائی شروع کر دی گئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی سرکاری ملازمین کیلئے عید پر بڑا اعلان کر دیا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر وفاقی سرکاری ملازمین کو عید سے پہلے تنخواہ کی ادائیگی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ وزیر اعظم کی ہدایت پر وفاقی سرکاری ملازمین کو عید ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

حکومت کا موٹر سائیکل اور رکشہ کو سبسڈی دینے کا فیصلہ

یہ سبسڈی بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ڈیٹا کے مطابق مستحقین کو دی جائیگی، وزیر اعظم کی ہدایت کے مطابق اقدامات کیے گئے

کفایت شعاری پالیسی کے تحت جو بچت ہوگی وہ سبسڈی میں دی جائیگی جیسے کورونا میں سبسڈی دی گئی ویسے ہی دی جائے گی

ملک میں خام تیل 11 دن، ڈیزل 21 دن، پٹرول 27 دن، ایل پی جی 9 اور جے پی ون 14 دن کے لیے دستیاب ہے

اوگرا اور پیٹرولیم ڈویژن نے سبسڈی کے حوالے سے ورکنگ شروع کر دی ہے، سیکریٹری پیٹرولیم کی بریفنگ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے کفایت شعاری پالیسی کے ذریعے بچتے والے 23 ارب کی رقم سے موٹر سائیکل اور رکشا کو سبسڈی فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ بات سیکریٹری پیٹرولیم نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کو بریفنگ میں بتائی۔ سیکرٹری پیٹرولیم نے کہا کہ حکومت نے کفایت شعاری پالیسی سے بچتے والی 23 ارب رقم کی سبسڈی دینے کا فیصلہ کیا جو موٹر سائیکل اور رکشا رکھنے والوں کو فراہم کی جائے گی، یہ سبسڈی بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ڈیٹا کے مطابق مستحقین کو دی جائے گی، اوگرا اور پیٹرولیم ڈویژن نے سبسڈی کے حوالے سے ورکنگ شروع کر دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کفایت شعاری پالیسی کے تحت جو بچت ہوئی وہ سبسڈی میں دی جائیگی جیسے کورونا میں سبسڈی دی گئی ویسے ہی دی جائے گی۔ کمیٹی ارکان نے کہا کہ یہ 23 ارب روپے کہاں سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایرانی وزیر خارجہ بھرپور ساتھ دینے پر پاکستانی حکومت اور عوام کا شکریہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان کی بہترین سفارت کاری کی پوری دنیا معترف ہو گئی، ایران نے پاکستان سے اردو میں اظہار تشکر کیا۔ پاکستان اپنی معاونت خلوص پالیسی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

کوئٹہ: وزیر داخلہ بلوچستان سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مارچ کی پیٹرولیم ضروریات مکمل طور پر محفوظ کر لی گئیں، وزیر خزانہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے مارچ کی پیٹرولیم ضروریات مکمل طور پر محفوظ کرنے کی خوشخبری سنا دی۔ وزیر خزانہ کی زیر صدارت پیٹرولیم کی گرمائی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

ایران کے خلاف جنگ کا براہ راست حصہ نہیں بنیں گے، برطانوی وزیر اعظم

ہمیں اپنے دفاع کے لیے مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، میں جلد ٹرمپ کی صدر سے ملاقات کروں گا

لندن (ویب ڈیسک) برطانیہ کے وزیر اعظم کیئر سٹارمر نے کہا ہے کہ برطانیہ ایران کے خلاف جنگ کا حصہ نہیں بنے گا، آبنائے ہرمز کا دوبارہ کھلنا کوئی آسان ٹاسک نہیں، مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ فوری بند ہونی چاہئے۔ برطانوی وزیر اعظم کیئر سٹارمر نے نیوز کانفرنس میں کہا کہ ہم کلف میں جنگ نہیں چاہتے، جنگ کی وجہ سے تیل، تیل اور فرٹیلائزر کی قیمتیں بڑھی ہیں، ہمارا مقصد اپنے ریجن کے لوگوں کو محفوظ کرنا ہے۔ انہوں نے دو ٹوک کہا کہ برطانیہ ایران جنگ میں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

پاکستان کا اپنے آئل ٹینکرز آبنائے ہرمز سے گزارنے کیلئے ایران سے رابطہ

آبنائے ہرمز سے اجازت مل جائے تو ہمارے چار جہاز کھڑے ہیں، ساتھ ہی روس سے تیل کی خریداری کی کوشش کر رہے ہیں

گمان ہے کہ کوئی دشمن نادیدہ قوت ایران کے ساتھ تعلقات خراب کر کے پاکستان کو مغربی سرحد پر بھی الجھانا چاہتی ہے

ایران سے بات کر رہے ہیں پاکستانی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے دیا جائے، سیکریٹری پیٹرولیم کی سینٹ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سیکریٹری پیٹرولیم نے سینیٹ کمیٹی کو بتایا ہے کہ ایران سے آبنائے ہرمز سے تیل بردار جہاز گزارنے کی اجازت کے لیے بات کر رہے ہیں، آبنائے ہرمز سے اجازت مل جائے تو ہمارے چار جہاز کھڑے ہیں، ساتھ ہی روس سے تیل کی خریداری کی کوشش کر رہے ہیں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کا اجلاس سینیٹر منظور الحق کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

پیپلز پارٹی کی بدترین دور حکمرانی نے کراچی کو تباہ و برباد کر دیا، منعم ظفر خان

بلاول ہاؤس زرداری کا لاڈلا میئر اہل کراچی کے مینڈیٹ پر ڈاکے سے مسلط کیا گیا ہے

کراچی (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے پیر کو اداروں فورتھ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول ہاؤس زرداری کا لاڈلا میئر اہل کراچی کے مینڈیٹ پر ڈاکے اور دھوکہ دہی کے ذریعے مسلط کیا گیا ہے، بلاول اپنے جیالے میئر کی خواہش ہی ظلم ہے۔ پیپلز پارٹی نے کراچی کے عوام کے لیے مذاب بنا ہوا ہے، موجودہ میئر جمہوریت کو قتل کر کے لایا گیا ہے، پیپلز پارٹی کے 18 سالہ بدترین دور حکمرانی نے کراچی کو تباہ و برباد کر دیا ہے، آج ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

اسلامو فوبیا جیسے چیلنج سے نمٹنے کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، عاصم افتخار

کسی بھی کیوٹی کو اس کے مذہب یا عقیدے کی وجہ سے نشانہ نہیں بنانا چاہیے

اسلامو فوبیا سے کروڑوں مسلمانوں کیجذبات مجروح ہوتے ہیں، پاکستانی مندوب

نیویارک (ویب ڈیسک) اسلامو فوبیا کے گورگروپ کے سربراہ پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ اسلامو فوبیا جیسے چیلنج سے نمٹنے کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں اسلامو فوبیا سے نمٹنے کے لیے عالمی دن کے حوالے سے تقریب سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سول اسپتال کی جدت کیلئے 100 ارب روپے کے جامع ماسٹر پلان کی منظوری

سول اسپتال کی عمارت کو جدید بناتے ہوئے تاریخی ڈھانچے محفوظ رکھے جائیں گے اور عوام کی سہولت کے لیے اطراف کی سڑکوں کو بھی کشادہ کیا جائے گا

صوبائی حکومت کے تعاون سے شروع کیا جانے والا یہ منصوبہ اسپتال کے رقبے کو دوگنا کرنے کے ساتھ اس کی تاریخی اہمیت کو بھی برقرار رکھے گا، مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ایک اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے سول اسپتال کراچی (سی ایچ کے) کی ترقی اور جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے 100 ارب روپے کے جامع ماسٹر پلان کی اصولی منظوری دے دی ہے جس میں حکومت سندھ کی جانب سے 50 ارب روپے کی گرانٹ بھی شامل ہے جبکہ عبدالستار ایدھی میڈیکل انٹرپرنیور شپ کے لیے شروع کیا جائے گا۔ یہ اہم منصوبہ، جس کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے 50 ارب روپے کا فنڈ مختص کیا گیا ہے، اسپتال کے رقبے کو دوگنا کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی تاریخی اہمیت کو محفوظ رکھنے کا وعدہ کرتا ہے۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی، ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

کراچی کے صدر بوہری بازار میں رمضان المبارک کے دوران عید کی خریداری کی جاری ہے

ایران سے 16 ویں روز مزید 92 افراد وطن واپس پہنچے، تعداد 5047 ہو گئی

کوئٹہ (ویب ڈیسک) ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ کے بعد ایران میں یتیم پاکستانیوں کی وطن واپسی کا سلسلہ 16 ویں روز جاری ہے۔ ضلعی حکام کے مطابق ایران سے تفتان بارڈر کے ذریعے آج 8 افراد وطن پہنچے ہیں، ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

نہال ہاشمی کی پی پی سندھ سے جنرل سیکرٹری وقار مہدی کی ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی سے پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) سندھ کے جنرل سیکرٹری سینیٹر وقار مہدی نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ سینیٹر وقار مہدی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

آبنائے ہرمز، ٹرمپ نے جنوبی کوریا اور جاپان سے بھی مدد مانگ لی

امریکی فوج نے ایران کے تمام بارودی سرنگیں بچھانے والے جہاز تباہ کر دیے، ایرانی بحریہ کی مائن بچھانے کی صلاحیت کو مکمل طور پر ختم کر دیا گیا

ایران اب صرف کاغذ کا شیر ہے، ہم نے ہمیشہ اپنے اتحادیوں کی مدد کی مگر ہمارے مدد کے لئے کوئی آگے نہیں آتا، امریکی صدر نے میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز پر بارودی سرنگیں بچھانے کے بیان پر یوٹرن لیتے ہوئے آبی گزرگاہ کو کھولنے کیلئے جاپان اور جنوبی کوریا سے مدد مانگ لی۔ امریکی صدر نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ایران میں اب تک 10 ہزار سے زائد اہداف کو نشانہ بنایا گیا، سخلوں میں زیادہ تر فوجی اور کرمش اہداف کو نشانہ بنایا گیا اور ان کا رویوں نے ایران کی فوجی صلاحیت کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اتحادی کے علاوہ باقی ممالک اٹھائے ہرمز کھولنے میں ہماری مدد کریں کیونکہ امریکا کا ایک تیل بھی آبنائے ہرمز سے نہیں آتا بلکہ دیگر ممالک ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے آلاصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42 گفرانفلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔

021-35210448
021-35450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

چین کی پاکستان اور افغانستان کو مذاکرات کی تجویز

خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں چین نے پاکستان اور افغانستان کو تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے افغان وزیر خارجہ امیر خان متقی سے ٹیلی فون پر گفتگو کے دوران دونوں ممالک پر زور دیا کہ وہ فوری جنگ بندی اور کشیدگی میں کمی کی جانب قدم بڑھائیں۔ چین کے افغان امور کے خصوصی ایلچی بھی اس سلسلے میں دونوں ممالک کے درمیان رابطوں اور ثالثی کے لیے متحرک ہیں۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کی بنیادی خصوصیت یہ رہی ہے کہ اس نے ہمیشہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ پرامن تعلقات کو ترجیح دی ہے اور کسی ملک کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھے۔ تاہم سب بھی پاکستان کی خودمختاری یا شہریوں کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہوا، اس نے موثر اور فیصلہ کن جواب دیا۔ گزشتہ روز افغانستان کی جانب سے ڈرونز کے ذریعے پاکستان کے شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی۔ اسلام آباد یک آنے والے یہ ڈرونز بروقت کارروائی کے ذریعے مار گرائے گئے، تاہم ان کے ملبے کے گرنے سے کوئٹہ، کوہاٹ اور راولپنڈی میں متعدد دھماکے رونما ہوئے جن میں دو بچے بھی شامل ہیں۔ اس پر صدر آصف علی زرداری نے واضح طور پر کہا ہے کہ افغان حکومت نے پاکستانی شہریوں کو نشانہ بنا کر سرخ لکیر عبور کی ہے۔ کسی بھی ریاست کے لیے اپنے عوام کے تحفظ سے بڑھ کر کوئی ترجیح نہیں ہوتی اور ایسے حملے ناقابلِ برداشت ہیں۔ ترجمان آئی ایس پی آر کے مطابق، افغان طالبان کی جانب سے بھیجے گئے ابتدائی ڈرونز کا مقصد پاکستانی عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنا تھا، تاہم دفاعی نظام نے انھیں نرم اور سخت دونوں نوعیت کی کارروائیوں کے ذریعے ناکام بنا دیا اور وہ اپنے اہداف تک نہیں پہنچ سکے۔ جوابی کارروائیوں میں قندھار میں دہشت گردی سے متعلق تکنیکی سپورٹ انفراسٹرکچر اور اسلحہ ذخائر کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ایک طرف طالبان عالمی سطح پر ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں جبکہ دوسری جانب پراکسی عناصر اور ڈرون حملوں کے ذریعے شہری علاقوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ جنوبی ایشیا اور خطے کے امن کا تقاضا یہی ہے کہ فریقین تحمل، ذمہ داری اور سفارت کاری کو ترجیح دیں۔ تاہم امن کی خواہش کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ کسی ملک کو اپنی خودمختاری اور شہریوں کے تحفظ پر سمجھوتہ کرنا پڑے۔ پاکستان نے ہمیشہ مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے ہیں، لیکن اپنی سرحد میں عوام کے دفاع کے لیے اس کا عزم بھی اتنا ہی واضح اور مضبوط ہے۔

ایرانی اسکول پر تکبر و نخوت کا حملہ

مہذب دنیا میں وائرل ہونے والی ویڈیو نے دردمند دل اور انسانیت سے محبت کرنے والوں کے دل زخمی اور بھیگے کر دیا ہے۔ یہ محض ویڈیو نہیں اجیر بظلم، مغرور اور استبداد زدہ حکمرانوں کے خلاف ایف آئی آر ہے۔ یہ ایسا جنگی جرم ہے جس کی معافی ہے نہ تلافی 28 فروری کی صبح امریکی اور اسرائیلی طیاروں نے ایران پر بم باری کی، اس خوفناک حملے میں انہوں نے ایران کے شہری علاقے میں گرلز پرائمری سکول کو بھی نشانہ بنایا۔ میزائل حملے میں 168 افراد کی زندگیاں چھینی گئیں شہید ہونے والوں میں 110 معصوم طالبات بھی شامل تھیں۔ سامراج نے آن واحد میں 168 افراد کو صفحہ ہستی کو وادی میں دھکیلا! کہاں ہے مہذب ممالک؟ کہاں کی انسانیت کا درس دینے والے اور کہاں ہیں وہ خوش الحانی کے اعجاز و اعزاز کے لیے "بڑے ملک کے بڑے نام"، کی تکریم کرنے والے؟ ایک منٹ 28 سیکنڈ کی اس ویڈیو میں دردوریوں کی ایسی داستان پیش کی گئی ہے جو چھوڑا کا بھی سینہ چیر دے۔ فریڈ زآف ایران کی جانب سے جاری کی گئی ویڈیو میں ایک طرف امریکی بم باری کی تیاری نظر دوسری جانب منحنی شہزادی کی سکول جانے کی تیاری اس کے چہرے کی مسکراہٹ اور معصوم خوشی کو نمایاں کیا گیا ہے۔ دونوں متاثر ہدف اور منزل کی طرف عازم ہونے کے ہیں۔ ایک منظر زندگی اور زندگی سے خشک مسرتوں سے بھرپور اور مرتع ہے دوسرا منظر بربادی، ہتھیار، زندگی اور موت کے درمیان فاصلہ ختم کرنے کا ہے۔ ویڈیو جاری ہونے سے پہلے اور بعد میں ہر طرف سے امریکہ اور امریکی حکمران شدید تنقید کی زد میں ہیں۔ 168 انسانی جانوں کے ضیاع پر قوام متحدہ اب تک خیدہ بیدارہ ہو سکی!! مشرق وسطیٰ کو خون آگ اور خوف کی دلدل میں دھکیلنے والوں کی خوشی قدم روکنے کے لیے، اجی تک کوئی سنجیدہ کوشش نہیں ہوئی۔ 56 مسلمان ممالک میں اتنا زیادہ تکبر اور نخوت کے خلاف مشترکہ موقف نہیں ہے۔ ایران بار بار وضاحت کر چکا ہے کہ وہ برادر اسلامی ممالک پر جوابی حملے نہیں کر رہا بلکہ مسلم لیڈروں میں امریکی اڈے بند ہونے تک جوابی حملے جاری رہیں گے یہ گھما گھری کی تیاری اسلامی ممالک پر تکبر کی مکاہٹ اور معصوم خوشی کو نمایاں کیا گیا ہے۔ دونوں متاثر ہدف اور منزل کی طرف عازم ہونے کے ہیں۔ ایک منظر زندگی اور زندگی سے بھرپور ہے دوسرا منظر بربادی، ہتھیار اور مرتع ہے دوسرا منظر بربادی، ہتھیار، زندگی اور موت کے درمیان فاصلہ ختم کرنے کا ہے۔ ویڈیو جاری ہونے سے پہلے اور بعد میں ہر طرف سے امریکہ اور امریکی حکمران شدید تنقید کی زد میں ہیں۔ 168 انسانی جانوں کے ضیاع پر قوام متحدہ اب تک خیدہ بیدارہ ہو سکی!! مشرق وسطیٰ کو خون آگ اور خوف کی دلدل میں دھکیلنے والوں کی خوشی قدم روکنے کے لیے، اجی تک کوئی سنجیدہ کوشش نہیں ہوئی۔ 56 مسلمان ممالک میں اتنا زیادہ تکبر اور نخوت کے خلاف مشترکہ موقف نہیں ہے۔ ایران بار بار وضاحت کر چکا ہے کہ وہ برادر اسلامی ممالک پر جوابی حملے نہیں کر رہا بلکہ مسلم لیڈروں میں امریکی اڈے بند ہونے تک جوابی

بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کی ذلت آمیز شکست

بھارت جانے کے ساتھ ہی کلبھوشن یادو کا بلوچستان میں پھر سے دہشت گردی کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ بھارت کی جانب سے پاکستان پر پراکسی وار مسلط کی گئی ہے۔ صرف پاکستان ہی بھارتی ریاستی دہشت گردی کا شکار نہیں بلکہ بھارتی دہشت گردی بنگلہ دیش اور کینیڈا سے ہوتی ہوئی پوری دنیا میں پھیل چکی ہے۔ عالمی برادری کو بات سمجھنے کی ضرورت ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف پوری دنیا کی جنگ کر رہا ہے۔ یہ رجحان اس بات کا ثبوت ہے کہ بھارت اپنی بدنیتی سے باز نہیں آ رہا۔ جبکہ مذاکرات اور ترقی کی بلوچستان کا تسلسل ہے۔ بی یک کو اور گوادر جیسے منصوبے بلوچ عوام کے لیے مواقع کا چانس ہیں۔ جبکہ کچھ پسند تنظیمیں نفاق کی تھپکی کر رہی ہیں۔ اور اصل حقیقت کو نہیں ہونے دیتیں کہ بلوچستان پاکستان سے اور یہاں کے عوام تمام تر اختلافات کے باوجود پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ فتنہ الہندوستان کی ناکامی کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ بلوچستان کا پاکستان کے ساتھ گہرا ہوتا جا رہا ہے۔ آج بلوچ قوم اس بات کو بخوبی سمجھ چکی ہے کہ بلوچستان کے عوام کی بقا اور ترقی کا راستہ پاکستان کے ساتھ ہی ہے۔ بلوچستان کے عوام بھی عمل کر رہے ہیں۔ جبکہ کچھ پسند تنظیمیں نفاق کی تھپکی کر رہی ہیں۔ ترجمان آئی ایس پی آر کے مطابق، افغان طالبان کی جانب سے بھیجے گئے ابتدائی ڈرونز کا مقصد پاکستانی عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنا تھا، تاہم دفاعی نظام نے انھیں نرم اور سخت دونوں نوعیت کی کارروائیوں کے ذریعے ناکام بنا دیا اور وہ اپنے اہداف تک نہیں پہنچ سکے۔ جوابی کارروائیوں میں قندھار میں دہشت گردی سے متعلق تکنیکی سپورٹ انفراسٹرکچر اور اسلحہ ذخائر کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ایک طرف طالبان عالمی سطح پر ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں جبکہ دوسری جانب پراکسی عناصر اور ڈرون حملوں کے ذریعے شہری علاقوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ جنوبی ایشیا اور خطے کے امن کا تقاضا یہی ہے کہ فریقین تحمل، ذمہ داری اور سفارت کاری کو ترجیح دیں۔ تاہم امن کی خواہش کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ کسی ملک کو اپنی خودمختاری اور شہریوں کے تحفظ پر سمجھوتہ کرنا پڑے۔ پاکستان نے ہمیشہ مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے ہیں، لیکن اپنی سرحد میں عوام کے دفاع کے لیے اس کا عزم بھی اتنا ہی واضح اور مضبوط ہے۔

اپوزیشن قیادت، سفارتی روابط اور قومی مفاد

تقاضا یہ ہوتا ہے کہ ریاستی معاملات سے متعلق گفتگو اور ابلاغ بنیادی طور پر منتخب حکومت کے ذریعے ہوں تاکہ کسی قسم کی غلط فہمی یا تشکک و شبہات پیدا نہ ہوں۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں ماضی میں سیاسی تبدیلیوں اور بیرونی اثرات کے حوالے سے مختلف بیانیے سامنے آتے رہے ہیں، وہاں اپوزیشن رہنماؤں اور غیر ملکی سفارتکاروں کے درمیان ملاقاتیں بعض اوقات سیاسی بحث کا موضوع بن جاتی ہیں۔ اسی تناظر میں بعض سیاسی حلقے اس ملاقات کو قومی مفاد کے منافی قرار دے رہے ہیں۔ تاہم اس حوالے سے کوئی بھی حتمی نتیجہ اخذ کرنے سے قبل تمام حقائق اور حالات کو متوازن انداز میں دیکھنا ضروری ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ عالمی سیاست میں سفارتکاری ایک پیچیدہ عمل ہوتا ہے جہاں مختلف ممالک کے سفارتکار نہ صرف حکومتی نمائندوں بلکہ اپوزیشن جماعتوں، سول سوسائٹی اور دیگر سیاسی شخصیات سے بھی رابطہ رکھتے ہیں۔ اس کا مقصد اکثر سیاسی ماحول کو بہتر طور پر سمجھنا اور مختلف نقطہ نظر سے آگاہی حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اس لیے ہر ملاقات کو کسی بڑی سازش یا منصوبے سے جوڑنا بھی بعض اوقات صائب تجزیہ نہیں ہوتا۔ تاہم اس حوالے جانب سیاسی جماعتیں اس بات پر زور دے رہی ہیں کہ پاکستان جیسے حساس جغرافیائی اور سیاسی ماحول میں شفافیت اور قومی مفاد کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے۔ اپوزیشن اور حکومت دونوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے طرز عمل میں ایسی احتیاط برتیں جس سے قومی مفاد پر کسی قسم کی بدنامی یا بداعتمادی پیدا نہ ہو۔ خصوصاً جب معاملہ غیر ملکی سفارتکاروں کے ساتھ روابط کا ہو تو اس میں واضح اور شفاف طریقہ کار اختیار کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ حرف آخر کے طور پر کہا جا سکتا ہے کہ برطانوی ہائی کمشنر اور عالمی تجزیہ کار احتشام الحق کی ملاقات بظاہر ایک معمول کی سفارتی سرگرمی محسوس ہوتی ہے مگر اس کے موجودہ سیاسی ماحول میں اس کے اپنے مضمرات ہو سکتے ہیں۔ ماضی قریب میں مبینہ لندن پلان کے ہم پر پاکستان کی داخلی سیاست میں بہت سے اثرات چھوڑ آئے ہیں اور حالیہ دنوں میں بھی اختیاری گروپ کی ایک خاص تحریک سے ایسے میں اسپیکر کی تحریک عدم اعتماد کے اس ضمن میں اپنا ثبت کردار ادا کر سکیں گے۔

شہر قائد

ہیٹر مین نیو کراچی ٹاؤن ایم یوسف یونی 12 میں پیور بلاک سے تعمیر کی گئی گلیوں کا افتتاح کر رہے ہیں

توانائی بحران نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، ثروت اعجاز

جمل کمپنیوں کے مطابق آئندہ ہر مرکزی بفرش تیل کی ترسیل اور قیمتوں پر اثر انداز ہوں گے

کراچی (پ۔ر) عالمی طاقتوں کی پالیسیوں اور مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کے باعث آئندہ ہر مرکزی بفرش نے دنیا بھر میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔ امریکی صدر اور اس کے شراکت دار اس صورتحال کے باعث شدید پریشانی میں مبتلا ہیں کیونکہ آئندہ ہر مرکزی بفرش توانائی کی ترسیل کے لیے ایک انتہائی اہم راستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے ہیٹر مین ڈسٹرکٹ محمد ثروت اعجاز قادری نے اپنے جاری بیان میں کرتے ہوئے مزید کہا کہ آنے والے ہر مرکزی ہر جہ پیدا ہونے والا توانائی بحران پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے چکا ہے اور اس کے اثرات عالمی معیشت، صنعت اور تجارت پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ دنیا کے بیشتر ممالک کی معیشت کا دارومدار ترسیل اور تیل کی فراہمی پر ہے، ایسے میں اگر ترسیل میں رکاوٹ پیدا ہو تو اس کے منفی اثرات عالمی سطح پر محسوس کیے جاتے ہیں۔

جامعہ اشرفیہ و جامع مسجد الحسنیہ میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات و تکمیل قرآن

کراچی (پ۔ر) جامعہ اشرفیہ و جامع مسجد الحسنیہ حنفی اجتماع گاؤں میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات و تکمیل قرآن کریم نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں حافظ محمد حذیفہ مدنی اور حافظ عبداللہ مدنی کی پذیرائی کی گئی جنہوں نے تراویح میں قرآن پاک کی تکمیل کی۔ علاقے کے معززین، علماء کرام، طلبہ و طالبات اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی جمعیت علمائے اسلام ضلع وسطی کا پیمبر مولانا عبدالرشید نعمانی تھے، جبکہ صدر مہمان مولانا عزیر مدنی، مولانا اسامہ سکھن مغل، ڈاکٹر مصطفیٰ محمدی، حافظ ادریس، قاری عبداللہ جان ودیگر بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر مہمان خصوصی عبدالرشید نعمانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن کریم کی تعلیم و تربیت مسلمانوں کی دنیا و آخرت کی کامیابی کی ضامن ہے، دینی مدارس اسلام کے مضبوط قلعے ہیں جہاں نئی نسل کو قرآن و سنت کی روشنی میں علم و شعور سے آراستہ کیا جاتا ہے۔

شہ قدر کے موقع پر ہیٹر مین شاہ فیصل ٹاؤن گوجر ملی خنک، وائس ہیٹر مین شاہ فیصل طارق بنگش کے ہمراہ شاہ فیصل ٹاؤن میں صفائی ستھرائی کا جائزہ لے رہے ہیں

آزادی پاکستان کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو سلام پیش

پاکستان 27 رمضان المبارک، شب قدر، یوم نزول قرآن کو عرش و جود میں آیا: حفیظ طیب

کراچی (پ۔ر) کلام مصطفیٰ پارٹی کے ہیٹر مین سابق وفاقی وزیر پیڈم وقدرتی وسائل ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور انعام ہے جو اسلامی قلعہ کا 27 رمضان المبارک بفضو الواوع، شب قدر، یوم نزول قرآن کے دن معرض وجود میں آیا اس لئے کہا جاتا ہے کہ پاکستان اور کلام قرآن لازم وملزوم ہیں پاکستان اللہ کا شہداء کا خون ہے اسلامی جمہوریہ پاکستان کا مدینہ منورہ کے بعد دوسری بڑی ہجرت پاکستان کے قیام کے موقع پر ہوئی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے غدار وکالونی میں کلام مصطفیٰ پارٹی کے رہنما پیر زادہ غلام حسین چشتی کی رہائش گاہ پر محاوی دعوت افطار کے موقع پر کیا۔ شیعہ اتحاد علامہ شمس الدین صدیقی، احمد رضا طیب، مطیر زیادہ ودیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے آزادی پاکستان کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو سلام پیش کیا اور ان کے درجات کی بلندی

ایوی 12 نارتھ کراچی سیکٹر A-11 میں پیور بلاک سے تعمیر گلیوں کا افتتاح

عوام کو ریلیف، ہیٹر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا معیاری کام پر اطمینان کا اظہار

کراچی (پ۔ر) نیو کراچی ٹاؤن کے ہیٹر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے یونین کونسل نمبر 12 سیکٹر A-11 میں پیور بلاک سے تعاون کیا جا رہا اور یہاں گلیوں اور لین کو نئی کلسٹر ز گلشن طیبہ، علی مرتضیٰ اور ابراہیم آباد میں تبدیلی کا ایک وقت افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر دائس ہیٹر مین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، یونین کونسل 12 کے ہیٹر مین عظیم الدین، نور بھی کنٹرکٹر اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہیٹر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے کہا کہ ماضی میں نیو کراچی ٹاؤن کو نظر انداز کیا جاتا رہا اور یہاں ترقیاتی کام نہ ہونے کے برابر تھے، مفاہمت اسلامی کے منتخب نمائندوں کے منتخب ہونے کے بعد نیو کراچی ٹاؤن میں تعمیر و ترقی کا عمل شروع ہوا جس کے ثمرات عوام کو مہینوں کے ساتھ دل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیو کراچی کے علاقے سیکٹر زمیں سکوپ اور گلیوں کی تعمیر، تاکہ آب کے علاقے کی بہتری اور عوام کو سہولت مند ماحول کی فراہمی کے لیے پارک و پلے گراؤنڈ کی بحالی کے کاموں کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیکٹر A-11 میں پیور بلاک کے ذریعے بڑی تعداد میں گلیوں کو پختہ کیا گیا ہے۔

موجودہ حالات میں اتحاد، اخوت اور باہمی محبت کو فروغ دینا ہوگا، صوفی ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہل سنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی اقلادی نے کہا ہے کہ اہل سنت کو موجودہ حالات میں اتحاد، اخوت اور باہمی محبت کو فروغ دینا ہوگا، اتحاد اہل سنت وقت کی اہم ضرورت ہے، دوہم ومہم امور میں رسالت پر نام آباد میں الیڈس قائم و ہیٹر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے جانب سے منعقد تاثر تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

لوڈشیڈنگ کے باعث امتحانات متاثر ہونے کا خدشہ ہے، میاں مقصود

کراچی (پ۔ر) اظہار، فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس انٹرنیشنل کے ہیٹر مین میاں محمد مقصود نے کہا ہے کہ ایک معمولی اور بلا ترتیب جو کہ ایک شیڈنگ کے فوری خاتمے کے لیے کے الیکٹرک اور حکومتی اقدامات کرے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ سات ایچ ایس کے شروع ہونے والے میٹرک کے امتحانات کے دوران طلباء کی تعلیمی تیاری اور ذہنی سکون شدید متاثر ہو سکتا ہے۔

سندھ بھر سے

آنشزدگی کے واقعہ میں چار گھر خاکستر

محراب پور (پاکستان ٹیلیوژن) آنشزدگی کا واقعہ میں چار گھر جل کر خاکستر، گھریلو روز کیش تھانہ کے علاقہ خاتی برھی میں ایک کے بعد ایک دلی آگ نے برھی علاقے کے حلقہ رکھے والے مسمات برھی، محمد اسحاق برھی، رحمت اللہ برھی اور اعظم برھی کے گھروں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، فائر بریگیڈ اطلاع کے باوجود نہیں پہنچی، چار اور گھر ان میں رکھا ہوا فرنیچر، صندوق، بمبر، جلد ملبوسات، کے مطابق دو کھلے اسباب تھے آگ میں۔

کراچی سندھ کا دل اور روح ہے اسکی حفاظت اور سرپرستی کرینگے، قادر مگسی

12 اپریل کو کراچی میں ایک تاریخی جلسہ منعقد کرکے کراچی کو اپنی سیاست کا محور بنانے کی جدوجہد کا باقاعدہ آغاز کریں گے

پیپلز پارٹی کی غلط پالیسیوں کے باعث کراچی میں بڑی مشکلات کا سبب بن رہے ہیں، چیئرمین سندھ ترقی پسند پارٹی

خطبہ (زمانہ نمائندہ پاکستان ٹیلیوژن) ترقی پسند پارٹی کے برادر اور قائد قادر مگسی نے کہا ہے کہ کراچی سندھ کا دل اور روح ہے اور ہم ہر صورت اس کی حفاظت اور سرپرستی کریں گے۔ 12 اپریل کو کراچی میں ایک تاریخی جلسہ منعقد کرکے کراچی کو اپنی سیاست کا محور بنانے کی جدوجہد کا باقاعدہ آغاز کریں گے۔ پیپلز پارٹی کی غلط پالیسیوں کے باعث کراچی میں معمولی مسائل بھی ہمارے لیے بڑی مشکلات کا سبب بن رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار سندھ ترقی پسند پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قادر مگسی نے منگلی میں ترقی پسند

گھوٹکی: سیکیو گھوٹکی کی جانب سے ایس ڈی او ہاؤز ٹریفک اور ان سپرنٹنڈنٹ عارم متین کی سربراہی میں رمولی فیڈر پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے

سیکیو گھوٹکی کی جانب سے رمولی فیڈر پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائی

گھوٹکی (پاکستان ٹیلیوژن) سیکیو گھوٹکی کی جانب سے رمولی فیڈر پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائی، متعدد ٹرانسفارمر کنکشن منقطع، کنکشن کے ایک درجن کیبل کاٹ دیے گئے۔ ایس ڈی او ہاؤز ٹرانسفارمر اور ان سپرنٹنڈنٹ عارم متین ملک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کو مزید تیز کیا جائے گا۔

گھوٹکی: مولوی محمود بھٹو کی ساتویں برسی، مزار پر پھولوں کی چادر چڑھا کر خراج عقیدت

گھوٹکی (پاکستان ٹیلیوژن) گھوٹکی شاہدرہ میں مولوی محمود بھٹو کی ساتویں برسی، مزار پر پھولوں کی چادر چڑھا کر خراج عقیدت پیش کیا گیا تقریبات کے مطابق گھوٹکی کے تاریخی مقام، ٹھٹھہ، میں مولانا کی بازی میں سندھ کے مشہور عالم دین، دانشور، محقق، ادیب اور تعلیمی ماہر مولوی محمود بھٹو کی ساتویں برسی کے موقع پر مولوی محمود بھٹو اکیڈمی سندھ کی جانب سے ان کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائے گئی تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں علماء کے علماء، ادیب، شاعروں، اساتذہ اور سماجی رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر مولوی محمود بھٹو اکیڈمی سندھ کے

حادثے میں ایک شخص زخمی، اسپتال منتقل

محراب پور (پاکستان ٹیلیوژن) حادثے میں ایک شخص زخمی، اسپتال منتقل، حادثہ کمال ڈیرہ کنڈیارہ ایدھو سرک (نک روڈ) پیش آیا بتایا جاتا ہے رفتار کا ڈرائیور کے سنگرول سے بقل گرکیت سے جا گرا اس کے بعد زخمی کو اسپتال منتقل کیا گیا۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیس کارروائی میں 2 منشیات فروش اور مطلوب ملزم گرفتار

محراب پور (پاکستان ٹیلیوژن) پولیس کارروائی میں 2 منشیات فروش اور مطلوب ملزم گرفتار، شراب، چرس، اسلحہ برآمد، دریائی خان مری پولیس نے ایک کارروائی میں امام الدین عرف نور محمد کلہوڑو کو 1020 گرام چرس سمیت گرفتار کیا، موقع پر پولیس نے ایک کارروائی میں اکرم مہر پتوہ کو 10 لیٹر دیسی شراب سمیت گرفتار کیا، گرفتار ملزم پولیس نے ایک کارروائی میں مطلوب ملزم ادریس رند کو بھٹو شاہ اسٹیشن سمیتول سمیت گرفتار کر لیا ہے۔

نواب شاہ: مرکزی عمارتوں اور شاہ سینڈرز کی فائر سیفٹی آڈٹ سے متعلق ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس

نوابشاہ (پ۔ر) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی کی زیر صدارت نواب شاہ میں کمرشل عمارتوں، شاپنگ سینٹرز اور بڑی عوامی عمارتوں میں فائر سیفٹی انتظامات کے حوالے سے فائر سیفٹی آڈٹ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر ہاؤس کے دربار ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کی کمرشل عمارتوں، شاپنگ سینٹرز اور بڑی عوامی عمارتوں میں فائر سیفٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد نے کہا کہ شہریوں کی سلامتی کا عمل معلوم ہوتی ہے مگر حقیقت میں یہ بیانیاں و بربادی اور انسانی المیوں کو جنم دینے والی معصیت ہو ہوتی ہے شہر کو بنانے میں بھارت اور ترقی میں بے شمار خاندان اجڑ جاتے ہیں تعلیم صحت اور ترقی کے معاملے ہم تو دیتے ہیں مگر معاشرہ خوف اور عدم اعتماد کا شکار ہو جاتا ہے آج بھی یہی صورت حال ہے انسانیت کی آواز کہیں کھوگئی ہے ہر طرف خوف و ہراس کی فضا ہے ایران اور امریکہ کے درمیان یہ تنی ہوئی کشیدگی نے نہ پوری دنیا کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے خطائی ضلوں، سوائل ضلوں اور سخت بیانات کے ہتاد نے عوامی زندگی کو غیر یقینی صورت حال سے دوچار کر دیا ہے آج ہم اسلام کے خلاف تمام اسلام دشمن ممالک ہاتھ سے ہاتھ ملائے اسلامی ممالک کی تباہ بربادی ہوتی ہوتا ہے جس سے امت مسلمہ دوچار ہے۔ اگر اسی بھی مسلمہ لیڈر شپ نے اپنے رویے نہ بدلے اور مظلوم مسلمانوں کی مدد نہ کی تو پھر وہ خائنوں میں شامل ہوں گے اور قیامت کے روز اپنی اس غیر ذمہ داری کا جواب دینا ہوگا۔

شہر قائد

شہید میں خامنائی کی شہادت انجام نہیں بلکہ آغاز ہے

شہید کے بعد کی صدا تا قیامت سنائی دیتی رہے گی شہید کے لہو کا قطرہ جب زمین پر گرتا ہے تو آسمان بھی جھک کے سلام کرتا ہے شہادت اہل وفا کے لئے نعمت ہے وہ عشق ہی کیا جو ہوت آزمائش ذرہ ذرہ جان دیتا ہے جان کی صدا ہر کسی پر جاری ہے جب کوئی اللہ سے حق کا علم لے کر اپنی ہستی کا چراغ جلاتا ہے وہ یہ جانتا ہے کہ یہ راہ کٹھن ہے مگر اس کے قدموں میں لرزش نہیں ہوتی وہ گرتا ہے گرجتا ہے مگر جھکتا نہیں ہوتی تاریخ کا حق رہا ہے کہ جب جب ظلم کی سیاہ رات گہری ہو جاتی ہے اور حق کی صدا سورج بن کر چمکتی ہے تب کوئی خامنائی جنم لیتا ہے حق کا علم لے کر اپنی ہستی کا چراغ جلاتا ہے وہ یہ جانتا ہے کہ یہ راہ کٹھن ہے مگر اس کے قدموں میں لرزش نہیں ہوتی وہ گرتا ہے گرجتا ہے مگر جھکتا نہیں ہوتی تو قوم سورج بنتی ہے لہو سے لکھی گئی داستان صدیوں تک دلوں میں جلا کرتی ہے شہید کا مشن ادھورا نہیں جاتا بلکہ امر ہو جاتا ہے وہ حق ہے جس کو بار بار شہیدوں کی قباؤں کا قرار زندہ رہتا ہے جنگ انسانی تاریخ کا وہ باب ہے جو ہر دور میں دہرایا جاتا ہے جنگ عظیم اول اور جنگ عظیم دوم جنہوں نے دنیا کا نقشہ بدل دیا کروڑوں انسانوں کی جانیں لے لیں۔ کئی سے کاشانے شوری، عورتیں اور بچے متاثر ہوئے جنگ میں مفقود اور نفسیاتی صدمے کا شکار افراد کی تعداد بھی بڑھ جاتی ہے شہید کے بعد کی صدا تا قیامت سنائی دیتی رہے گی شہید کے لہو کا قطرہ جب زمین پر گرتا ہے تو آسمان بھی جھک کے سلام کرتا ہے شہادت اہل وفا کے لئے نعمت ہے وہ عشق ہی کیا جو ہوت آزمائش ذرہ ذرہ جان دیتا ہے وہ عشق ہی کیا جو ہوت آزمائش ذرہ ذرہ جان دیتا ہے کہ یہ راہ کٹھن ہے مگر اس کے قدموں میں لرزش نہیں ہوتی وہ گرتا ہے گرجتا ہے مگر جھکتا نہیں ہوتی تو قوم سورج بنتی ہے لہو سے لکھی گئی داستان صدیوں تک دلوں میں جلا کرتی ہے شہید کا مشن ادھورا نہیں جاتا بلکہ امر ہو جاتا ہے وہ حق ہے جس کو بار بار شہیدوں کی قباؤں کا قرار زندہ رہتا ہے جنگ انسانی تاریخ کا وہ باب ہے جو ہر دور میں دہرایا جاتا ہے جنگ عظیم اول اور جنگ عظیم دوم جنہوں نے دنیا کا نقشہ بدل دیا کروڑوں انسانوں کی جانیں لے لیں۔ کئی سے کاشانے شوری، عورتیں اور بچے متاثر ہوئے جنگ میں مفقود اور

جس کی تاثر ترین شاہ فیصل کے بعد ایران پر اس معاملہ خطرناک صورتحال کا حل معلوم ہوتی ہے مگر حقیقت میں یہ تباہی و بربادی اور انسانی المیوں کو جنم دینے والی معصیت ہو ہو جاتی ہے شیطان بن جاتے ہیں بے شمار خاندان اجڑ جاتے ہیں تعلیم صحت اور ترقی کے معاملے ہم تو دیتے ہیں مگر معاشرہ خوف اور عدم اعتماد کا شکار ہو جاتا ہے آج بھی یہی صورت حال ہے انسانیت کی آواز کہیں کھوگئی ہے ہر طرف خوف و ہراس کی فضا ہے ایران اور امریکہ کے درمیان یہ تنی ہوئی کشیدگی نے پوری دنیا کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے خطائی ضلوں، سوائل ضلوں اور سخت بیانات کے ہتاد نے عوامی زندگی کو غیر یقینی صورت حال سے دوچار کر دیا ہے آج ہم اسل

01

بقیہ نمبر 1

جس کے بعد ای ٹی سندھ کے اکاؤنٹ پر مزید کے بعد بڑے پیمانے پر کرپٹ اکاؤنٹ کا پتہ لگایا گیا ہے۔ ڈی ٹی ٹی ٹیم کے خصوصی تحقیقی مشن میں 100 موٹر سائیکلوں کو چالان جاری کرنے کی ایک سیمپلنگ کی گئی تھی، جس میں 100 لیعمد موٹر سائیکل سوار مسلم کو دھوکا دیا گیا ہے۔ سروے کے مطابق 70 فیصد سے زائد موٹر سائیکل سوار پلیٹس میں موجود نمبر جیسے نمبر 20 لیعمد سواروں نے اپنی پلیٹس کو مختلف طریقوں سے چھپا رکھا تھا۔ اس کے علاوہ جن کی نمبر پلیٹس لگی ہوئی تھیں، ان میں سے اکثر نے ایڈورٹس لگا دیا ہے کہ ایلیٹ پلیٹ پر جھنڈا لگنا منع ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کا کہنا تھا کہ شہریوں کو آگاہ بنانے کی کوششوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈی جی سندھ کے جاہت پرعید کے ذرائعہ شہر بھر میں موٹر سائیکل سواروں کے خلاف ایک کریک ڈاؤن شروع کیا جا رہا ہے۔ اس آپریشن کے دوران نیز لیک قوانین کی خلاف ورزی، ایلیٹ پلیٹ اور نمبر پلیٹ کی پلیٹس والی موٹر سائیکلوں کو ضبط کیا جائے گا۔

02

یہ بھی تفصیل ظاہر کیا گیا ہے، اجلاس میں سیکرٹری محکمہ جاتی رفیق مصطفیٰ شیخ، ڈی جی پی ڈی ایم اے سلمان شاہ، ڈی جی ریسکیو 1122 ایم سہاب خالد میر، ڈائریکٹر ٹریفک عابد بلال سی ای او سندھ انڈسٹریل ایریاز ایجنٹ مرحوم طارق قادر لاکھو، سمیت محکمہ صحت، پولیس، محکمہ بلدیات اور محکمہ خزانہ کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ 2022 سے اب تک ریسکیو 1122 نے ان لاکھ سے زائد حادثات اپنے عہد میں نمٹائے ہیں۔ ڈوبنے اور غرقاب کرنے کے واقعات میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے ہزاروں جانیں بچائی ہیں جن پر مزید ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اس ادارے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا گیا کہ دیگر ہم میں ادارے اپنا پرفیلیٹ کرنے میں۔ ہمیں بھی جدید سافٹ ویئر جیسا ٹیکنالوجی اور کیریئر جیسس کو اپنانا ہوگا تاکہ کنوینرز کی نشاندہی کر کے فعالیت کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ اجلاس میں ایمرجنسی رسپانس نظام میں کمزوریوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ہنگامی کنٹاکٹ اسٹریٹجک کیمپائن ایس اور اوور اٹھارسٹ پر کام سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا گیا جبکہ موجودہ 100 ایمرجنسی نمبرز اور 35 ہائی رائز فائر فوری ضرورت پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں ریسکیو 1122 کے تعاون سے ڈوبنے والے جانے والے کیریئر رسپانس فورس کا نام جہیز کے ایڈوانس ریسپانس ٹیم کی منظوری دی گئی جبکہ گرلیں میں فوری رسپانس صلاحیت بڑھانے کیلئے خصوصی تربیت یافتہ ٹیموں کے قیام کو سراہا گیا۔ اجلاس میں ریسکیو 1122 کے چیف کے جانب سے آئندہ تین برس کیلئے ایمرجنسی سروسز کے بجٹ کی ریسکیو 1122 کے کنٹریکٹ ملازمین کی مدت ملازمت میں توسیع کا معاملہ کارکردگی جائزہ کے بعد طے کرتے ہوئے آگے اجلاس میں پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں ریسکیو 1122 کی دو کرنے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ریسکیو 1122 کی افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کیلئے 100 نئے اسوسی ملازمین کی منظوری دینے سے اختلاف ظاہر کیا گیا۔ اجلاس میں ریسکیو 1122 کی ایک ایمرجنسی ایمبولینس کی کارسال کرنے کی منظوری دی گئی جبکہ ایمرجنسی کا پیشہ کو اسال کرنے کی منظوری دی گئی تھی۔ اجلاس میں ریسکیو سروس فنڈ کے قیام اور 50 کروڑ روپے سیڈنگ منظور کرنے کی منظوری بھی دی گئی۔ تاکہ بچانی ضروریات فوری پورے کی جا سکیں جبکہ مالی سال 2025-26 کے گرانٹس کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ریسکیو 1122 کی افرادی قوت کی کمی کو دور کرنے کیلئے بھرتیوں کی اصولی منظوری دینے سے اختلاف ظاہر کیا گیا۔ اجلاس میں ریسکیو 1122 کی ڈی جی نے ضلعات کیلئے کنٹرول ٹاور، اچ آر اصلاحات اور قاعدہ ضابطوں کا جائزہ لینے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ سندھ میں ریسکیو آپریشن کے دوران شہید ہونے والے ڈرائیور، ہاکر عبداللہ کے علاج پر آنے والے 14 لاکھ روپے اخراجات کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے مشیر وزیراعلیٰ سندھ گوپالچند ایمرانی نے کہا کہ سندھ حکومت جدید، تیز رفتار اور ہم دوست ایمرجنسی نظام کے قیام کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ کیٹلاگ، ٹریبت اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کے ذریعے ریسکیو سروسز کو عالمی معیار پر لایا جائے گا تاکہ ہر شہری کو بروقت اور معیاری طبی سہولت میسر آ سکے۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ انسانی جانوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ریسکیو اہلکاروں کی قربانیوں کو بھیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

03

شوہر کے ہمراہ دکان سے سامان خریدنے نکلی تھی کہ اس دوران طرمان کالونی میں گھر اور سونے کے زیورات کی چھینا جھپٹی کی گئی۔ پولیس کے مطابق کالونی کی چھینا جھپٹی کی واردات کے تین چھوٹے بچے بھی موجود تھے۔ ان پر طرمان کی کلفٹریس نے بڑی۔ طرمان کالونی کے گرنالش چوکی کے قریب پہنچ کر بچوں کو کالونی سے اتارنے لگے۔ اسی دوران وہاں موجود ایک سپاہی نے طرمان کالونی کے گرنالش پر کھڑی ہوئی خاتون کو دیکھا تو اس کی جانب متوجہ ہوا تو خاتون کے ہاتھ میں موجود پرس کو

آج سے کراچی میں ای وی بس کا نیا روٹ شروع

الیکٹرک بس سروس کا نیا روٹ گلشن معمار سے ٹاور تک چلایا جائے گا، شہر کے لاکھوں شہریوں کو جدید، آرام دہ اور سستی سفری سہولت میسر آئے گی

روٹ کے آغاز سے گلشن معمار، سرجانی ٹاؤن اور اطراف کے علاقوں کے رہائشیوں کو شہر کے مرکز تک آسان رسائی حاصل ہوگی، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے آج (منگل) سے الیکٹرک بس سروس کا نیا روٹ شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ اپنے ٹویٹ کیا بیان میں انہوں نے کہا کہ ماحول دوست ای وی بس کا نیا روٹ آج سے شروع کیا جا رہا ہے جس سے لاکھوں شہری مستفید ہوں گے۔ ان کے مطابق الیکٹرک بس سروس کا نیا روٹ گلشن معمار سے ٹاور تک چلایا جائے گا۔ اس روٹ کے آغاز سے گلشن معمار، سرجانی ٹاؤن اور اطراف کے علاقوں کے رہائشیوں کو شہر کے مرکز تک آسان رسائی حاصل ہوگی۔ شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ نئے روٹ کے آغاز سے شہر کے لاکھوں شہریوں کو جدید، آرام دہ اور سستی سفری سہولت میسر آئے گی۔ سندھ حکومت شہریوں کو سہولت اور ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ کے مرکز تک آسان رسائی حاصل ہوگی۔ شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ نئے روٹ کے آغاز سے شہر کے لاکھوں شہریوں کو جدید، آرام دہ اور سستی سفری سہولت میسر آئے گی۔ سندھ حکومت شہریوں کو سہولت اور ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک انہیں جدید سہولیات سے آراستہ ہونے کے ساتھ ماحول دوست بھی ہیں جبکہ سندھ حکومت شہریوں کو عالمی معیار کی ٹرانسپورٹ فراہم کرنے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

گورنر سندھ کی سیاسی شخصیات سے ملاقاتیں، اہم امور پر تبادلہ خیال

گورنر سندھ کی وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ملاقات کر رہے ہیں

گورنر سندھ کی سیاسی شخصیات سے ملاقاتیں، اہم امور پر تبادلہ خیال

صوبے کی ترقی کے لیے باہمی رابطہ اور تعاون کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، نہال ہاشمی

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ محمد زبیر نہال ہاشمی مختلف سیاسی و سماجی شخصیات کی رہائش گاہوں پر گئے جہاں انہوں نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ گورنر سندھ نے وزیر مملکت برائے مذہبی امور و دین امور اور ہیلتھ ایجوکیشن کے وفاقی وزیر انجینئر نور عالم خان سے ملاقات کی۔ ملاقاتوں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

عوام سے قربانی کا مطالبہ کرنے والے حکمران عوام کے ٹیکسوں پر عیاشیاں کر رہے ہیں، حافظ نعیم الرحمان

ن لیگ کی وزیراعظمی کے لیے 11 ارب کا ہیلی کاپٹر، جبکہ غریب عوام پر پٹرول بم گرا دیا، اپنے الیکشن بیان میں انہوں نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

لاہور (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کا کہنا ہے جنٹیلر پارٹی کے جنیئر مین سمیت کے لیے 50 کروڑ کی مہنگی گاڑی خریدی گئی ہے۔ حکومتی مقصد کے مطابق پاکستان ایران کی حکومت اور عوام کے ساتھ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

ایران کی مزاحمت نے ایسی صورتحال پیدا کر دی جسے امریکہ اور اسرائیل کبھی نہیں بھولیں گے، مشاہد حسین سید

تاخیر میں ایران کے ساتھ عمل یکجہتی کا اظہار کیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سینئر سیاستدان مشاہد حسین سید کا کہنا ہے پاکستان نے ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی مبینہ جارحیت کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

سندھ رینجرز کی کارروائی ''ماکھا گینگ کے تین ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان رینجرز (سندھ) نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے گلشن حدید سے ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث ''ماکھا گینگ'' سے تعلق رکھنے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

اسحاق ڈار سے قائم مقام امریکی ناظم الامور کی ملاقات، سفارتی روابط کی اہمیت پر زور

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے قائم مقام امریکی ناظم الامور کی ملاقات ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی ملاقات میں پاک امریکا دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال پر بھی گفتگو کی گئی، اسحاق ڈار نے سفارتی روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ ترجمان دفتر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

احتساب عدالت نے مریم اور نواز شریف کیخلاف شوگر ملز انکوائری بند کرنے کی درخواست پر فیصلہ سنا دیا

لاہور (ویب ڈیسک) احتساب عدالت لاہور نے وزیراعظم مریم نواز اور میاں محمد نواز شریف کیخلاف چودھری شوگر ملز انکوائری بند کرنے کی نیب کی درخواست پر فیصلہ سنا دیا۔ احتساب عدالت نے نیب انکوائری بند کرنے کی درخواست منظور کرنے کا حکم دے دیا، عدالت نے کہا کہ نیب لاہور نے قانون کے مطابق چودھری شوگر ملز انکوائری بندی، مریم نواز اپنی 7 کروڑ خلاصات کی رقم واپس لے سکتی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ ایکیم کی غیر ملکی شہریوں اور ادارہ جاتی سرمایہ کاروں تک توسیع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر حکومت پاکستان نے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (RDA) کے دائرہ کار کو مزید وسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلے کے تحت اب غیر ملکی شہریوں کے ساتھ ساتھ غیر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

27 ویں شب کے موقع پر پولیس کا جامع سیکیورٹی پلان ترتیب

کراچی (ویب ڈیسک) ایڈیشنل آئی جی کراچی کی ہدایت پر 27 ویں شب رمضان المبارک (شب قدر) کے موقع پر کراچی پولیس نے شہر بھر میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جامع سیکیورٹی پلان ترتیب دیا۔ تفصیلات کے مطابق سیکیورٹی پلان کے تحت کراچی رینج میں مجموعی طور پر 6000 پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے۔ شہر بھر میں 2663 ساجد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

کراچی میں مختلف پولیس مقابلوں میں 6 زخمی سمیت 9 ڈاکو گرفتار

سکھن، جیدری مارکیٹ، تیموریہ اور ڈیفنس پولیس نے مبینہ مقابلوں کے بعد ان ڈاکوؤں کو گرفتار کیا

کراچی (ویب ڈیسک) عوامی کالونی، سکھن، جیدری مارکیٹ، تیموریہ اور ڈیفنس پولیس نے مبینہ مقابلوں کے بعد 6 زخمی سمیت 9 ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے اسلحہ اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق عوامی کالونی پولیس نے اتوار اور پیر کی درمیانی شب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

کراچی کے موٹر سائیکل سواروں نے ای چالان سسٹم کو بھی ہرا دیا

70 فیصد سے زائد موٹر سائیکلوں پر نمبر پلیٹس ہی موجود نہیں تھیں، 20 فیصد سواروں نے اپنی نمبر پلیٹس کو مختلف طریقوں سے چھپا رکھا تھا

چالان جاری کرنے کی ایک سیمپلنگ کی گئی تھی، جس میں 100 فیصد موٹر سائیکل سوار سسٹم کو دھوکا دیتے پائے، ڈی آئی جی ٹریفک

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد کے موٹر سائیکل سواروں نے ای چالان سسٹم کو بھی ہرا دیا، ڈی آئی جی ٹریفک نے انکشاف کیا سروے میں 100 فیصد موٹر سائیکل سوار دھوکا دینے میں ملوث سوار جدید ای چالان سسٹم کو چکمہ دینے میں مکمل طور پر کامیاب رہے ہیں، جس ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

نقلی تعلیمات کے مطابق ڈی آئی جی ٹریفک محمد ثناء نے انکشاف کیا ہے کہ کراچی کے موٹر سائیکل

کراچی پولیس کی انسداد جرائم کے خلاف کامیاب کارروائیاں جاری

کراچی (ویب ڈیسک) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کے احکامات کے ماتحت پولیس کی انسداد جرائم کے خلاف کامیاب کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ ہفتے کے دوران شہر میں انسداد جرائم کے دوران ڈاکوؤں سے ضلعی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

جدید سافٹ ویئر، ٹیکنالوجی اور ڈیٹا اینالیسس کو اپنانا ہوگا، گیان چند

ریسکیو 1122 نے 10 لاکھ ہنگامی حادثات میں ہزاروں قیمتی جانیں بچا لیں، گیان چند ایرانی

کراچی (ویب ڈیسک) سینئر وزیر داخلی سندھ برائے محکمہ بحالی کراچی، ایمرجنسی کی زیر صدارت سندھ ایمرجنسی کونسل کا پانچواں اہم اجلاس پی ڈی ایم اے ہیڈ کوارٹرز میں منعقد ہوا جس میں صوبے میں ایمرجنسی ریسپانس نظام کو مزید مؤثر، جدید اور مربوط بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں گزشتہ اجلاس کے منٹس کی متفقہ طور پر توثیق کی گئی جبکہ ریسکیو 1122 سندھ کی کارکردگی، جاری اصلاحات، مالی مصوبہ بندی، انسانی وسائل اور جدید ایمرجنسی نظام کے قیام پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

گاڑی چھین کر فرار ہونے والے ملزمان کو پولیس نے پکڑ لیا

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں صدر کے علاقے میں ملزمان ایک خاتون کی گاڑی چھین کر فرار ہو گئے تھے جاہم بعد ازاں شہریوں اور پولیس نے انہیں پکڑ لیا۔ ایس ایس پی ایسٹ زون عدنان شیخ کے مطابق خاتون اپنے شوہر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

ڈی جی ایس پی ایس اے نے جوڈیشل کمیشن میں تحریری جواب جمع کروا دیا

اگر کوئی کوتاہی ہوئی ہے تو اس کی تحقیقات متعلقہ مینجمنٹ سے کی جانی چاہیے

کراچی (ویب ڈیسک) ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس پی ایس اے) نے جوڈیشل کمیشن میں تحریری جواب جمع کروا دیا۔ ڈی جی ایس پی ایس اے نے جواب میں بتایا کہ گل پلازہ کی ابتدائی منظوری 1979 میں دی گئی 1998 اور 2003 میں عمارت کے بلڈنگ پلان کی تصریح اور رجسٹریشن کی گئی، گل پلازہ کی اصل فائل اور بھی گل پلازہ کی فائل کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ ابتدائی طور پر منظور شدہ منظوری کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

کراچی: لیاقت آباد کے علاقے میں ٹریفک جام ہے

کورنگی ٹاؤن کی یوسی 7 میں سڑکوں کی تعمیر کے بیوربلاکس مبینہ چوری

ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل، رحیم آباد تین نمبر میں سڑکوں کی مرمت کا کام سست روی کا شکار

کراچی (ویب ڈیسک) کورنگی ٹاؤن کی یوسی 07 رحیم آباد تین نمبر میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے لائے گئے بیور بلاکس کی سیند چوری کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے جس کے بعد علاقہ مکینوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ایک شخص ٹرالی میں بیور بلاکس بھر کر لے جا رہا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق یہ بلاکس علاقے میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے رکھے گئے تھے تاہم یہ معلوم افراد انہیں مبینہ طور پر اٹھا کر لے جا رہے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

رمضان المبارک کے دوران کراچی میں مخلص مسلمان نمازیوں کے درمیان افطاری تقسیم کرتے ہیں

سندھ کے کالجز کے مسائل مزید بگاڑ کا شکار، سیاسی مداخلت عروج پر

20 اور 19 گریڈ کے پرنسپلز کی جگہ 17 اور 18 گریڈ کے جونیئر پرنسپلز کا غیر قانونی تقرر

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن (سپلا) کے مرکزی صدر منور عباس، سیکرٹری جنرل غلام مصطفیٰ کاکا، دیگر رہنماء پروفیسر مشتاق بھٹو، محمد عدیل خوہڑو، پروفیسر آصف منیر، عبدالجبار درس، شبانہ افضل، ڈاکٹر مہیا رسنجری، سید جرجیل شاہ، زاہد، رفیع، ذکیہ تالپور، پروفیسر لعل سوہو، پروفیسر الٹھین چارادو، ڈاکٹر وکرم کمار، حسن میر بگر، پروفیسر شوکت علی سموں، عبدالرشید تالانی، نہال اختر، غفران اللہ بلوچ، مرتضیٰ سولنگی، احمد علی خان، ساحول گھلو، کمال گھلو، محمد جمال، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کراچی: جوڑیا بازار میں شیری مصالحوں کی خریداری کر رہے ہیں

وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار اور دیگر کیخلاف نیب تحقیقات ختم

نیب کا تفتیشی افسر 9 سال میں ٹھوس ثبوت ہی حاصل نہیں کر سکا، ضیاء الحسن لنجار کو 2018 میں نیب سکھر نے کال اپ نوٹس جاری کیا تھا

2017 میں انکوائری شروع ہوئی 2026 تک ریفرنس کیلئے شواہد ہی نہیں ملے، قانون کے مطابق 12 ماہ میں انکوائری مکمل ہونا تھی، عدالت

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے سوہائی وزیر محکمہ داخلہ ضیاء الحسن لنجار اور دیگر کے خلاف نیب تحقیقات ختم کر دی ہیں۔ سندھ ہائیکورٹ نے وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار اور دیگر کے خلاف کرپشن اور غیر قانونی اثاثے بنانے کے الزام سے متعلق نیب تحقیقات کیخلاف درخواست منظور کر لی۔ عدالت نے نیب کی تحقیقات ختم کر دیں۔ عدت نے فیصلہ میں کہا کہ 2017 ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11



رمضان المبارک کے دوران حیدرآباد کے سیرے گھاٹ پر عید کی شاپنگ زوروں پر

آئی جی سندھ، محکمہ داخلہ سندھ اور دیگر سے رپورٹس طلب

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بنچ نے لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر آئی جی سندھ، محکمہ داخلہ سندھ اور دیگر سے رپورٹس طلب کر لیں۔ سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بنچ کے روبرو 11 ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

مچھر کالونی میں آتشزدگی کے باعث بھاری مالیت کا سی فوڈ جل گیا

کراچی (ویب ڈیسک) مچھر کالونی بگلا پاڑہ میں آتشزدگی کے باعث بھاری مالیت کا سی فوڈ اور ایک موٹر سائیکل جل گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق مچھر کالونی محمدی کالونی بگلا پاڑہ میں سی فوڈ کے گودام میں آگ لگنے کی اطلاع فائر بریگیڈ کی ایک گاڑی ، ایدھی کی ایمبو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

ایم کیو ایم والے وزارتوں سے استعفے نہیں دیں گے، خورشید شاہ

ہم سب کو اس وقت ایک قوم بن کر پڑے کا تب جا کر ہمیں مشکلات سے نجات ملے گی

سکھر (ویب ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما سید خورشید احمد شاہ نے کہا ہے کہ گورنر کی تبدیلی پر ایم کیو ایم والے وزارتوں سے استعفے نہیں دیں گے اور اسی گناہ پر کام کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکھر میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے دفتر کی افتتاحی تقریب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ ملک اس وقت مشکل۔ حالات سے گذر رہا ہے جنہیں ہم سب کو مل کر کام کرنا چاہیے ہم سب کو اس وقت ایک قوم بننا پڑے گا تب جا کر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

خلیجی ممالک کو 1990 کے بعد بدترین معاشی دھچکا لگنے کا خدشہ

کراچی (ویب ڈیسک) بران جنگ سے خلیجی معیشت کو شدید دھچکا لگنے کا خدشہ ہے۔ ہارورڈ کے مطابق خلیجی ممالک کو 1990 کے بعد بدترین صحاتی بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، آبنائے ہرمز بندش سے تقریباً دو کھرب کی معیشت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

پولیس کا جادو چوکی پہنچتے ہی معدور بھکاری ٹانگوں سے چلنے لگا

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب پولیس کے خوف نے بھکاری کی معذوری دور کر دی، جونہی چوکی پہنچتے ہی اپنی ٹانگوں سے چلنے لگا۔ پولیس ترجمان کے مطابق چوکی چندرن اسپتال پولیس نے دوران پیٹرولنگ نیو زونز پر روڈ پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

بنگلا دیش سے شکست، پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی کی سلیکشن کمیٹی پر شدید تنقید

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے بنگلا دیش کے خلاف ون ڈے سیریز میں شکست اور ٹی 20 ورلڈ کپ میں مایوس کن کارکردگی کے بعد قومی سلیکشن کمیٹی کو شدید تنقید کا نشانہ بنا لیا ہے۔ اپنے سوشل میڈیا پیغام میں شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ ٹیم کی حالیہ کارکردگی کا تمیں کی بنیادی ذمے داری سلیکشن کمیٹی پر عائد ہوتی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

سانحہ گل پلازہ: سی ای او واٹر کارپوریشن نے جواب جمع کروا دیا

کراچی (ویب ڈیسک) سانحہ گل پلازہ کیشن کی کارروائی کے دوران سی ای او واٹر کارپوریشن احمد علی صدیقی نے رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ سانحہ گل پلازہ سے قبل فائر بریگیڈ کو پانچ ٹرکس اور پانی کی فراہمی کے لیے خط لکھا تھا، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

پاکستان کا ایوا سے ای کی درخواست پر گندم مصنوعات برآمد کرنیکا فیصلہ

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان نے متحدہ عرب امارات کی درخواست پر گندم مصنوعات برآمد کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ پہلے مرحلے میں متحدہ عرب امارات کو آٹا، میدہ، سوجی اور دیگر اشیا برآمد کی جائیں گی۔ حکومتی ذرائع ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

خطے میں جاری جارحیت کسی کے مفاد میں نہیں، سراج الحق

پاکستان، سعودی عرب اور ترکی متحد ہو کر مشرق وسطیٰ میں قیام امن کے لیے موثر کردار ادا کر سکتے ہیں

لاہور (ویب ڈیسک) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا کہنا ہے پاکستان، سعودی عرب اور ترکی متحد ہو کر مشرق وسطیٰ میں قیام امن کے لیے مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں، اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا خطے میں جاری جارحیت کسی کے مفاد میں نہیں، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

میزبان و اداکارہ جویریہ سعود کا رمضان ٹرانسمیشن کیخلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو کرارا جواب

کراچی (ویب ڈیسک) میزبان و اداکارہ جویریہ سعود نے پروگرام کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو کرارا جواب دے دیا۔ جویریہ سعود ایک اداکارہ، رائٹر اور میزبان ہیں، وہ گزشتہ کئی سالوں سے رمضان ٹرانسمیشن کی میزبانی کر رہی ہیں۔ جویریہ سعود کا پروگرام پیارا رمضان اس ماہ کے دوران سب سے زیادہ وائرل پروگرام میں شامل رہا اور خاص طور پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

ہیوی گاڑیوں سے 75 روز میں 75 شہریوں کے جاں بحق ہونے کا انکشاف

کراچی میں ہیوی ٹریفک کی بے لگامی نے انسانی جانوں کے ضیاع کے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ دیے ہیں، ٹریلرز نے ڈمپر کو بھی مات دے دی

گزشتہ 75 دنوں کے دوران ہیوی گاڑیوں کی ٹکر سے 75 شہری جاں بحق ہو چکے ہیں، یعنی اوسط روزانہ ایک شہری اپنی جان سے ہاتھ دھو رہا ہے

کراچی (ویب ڈیسک) ہیوی گاڑیوں کی ٹکر سے 75 روز میں 75 شہریوں کے جاں بحق ہونے کا انکشاف سامنے آیا، جس میں ٹرلرز نے ڈمپر کو بھی مات دے دی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں ہیوی ٹریفک کی بے لگامی نے انسانی جانوں کے ضیاع کے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ دیے ہیں۔ ریسکیو کی تازہ رپورٹ میں بتایا گیا کہ گزشتہ 75 دنوں کے دوران ہیوی گاڑیوں کی ٹکر سے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17